Department of Education
Chancellor Meisha Porter

16 دسمبر، 2021

عزیزی اہلِ خانہ،

ہماری توجہ میں یہ بات لائی گئی ہے کہ ٹِک ٹاک اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ایک سوشل میڈیا چیلنج پیش کیا جارہا ہے جو طلبا کو ریاستہائے متحدہ کے اسکولوں میں "بم کی دھمکیاں، اسکول شوٹنگ کی دھمکیاں، وغیرہ کے لیے کال کرنے" کی حوصلہ افزائی کررہا ہے۔ سوشل میڈیا چیلنج صرف نیویارک شہر کے لیے ہی مخصوص نہیں ہے، اور بہت سی تشہیرات عام ہیں اور کسی ایک اسکول سے مخصوص نہیں ہیں۔

ہمارے اسکول کی عمارتوں میں داخل ہونے والے ہر فرد کا تحفظ ہمیشہ ہماری اولین ترجیح اور ذمہ داری ہے۔ ہر اسکول برادری کو ملنے والی دھمکی کو انتہائی سنجیدہ لیا جاتا ہے اور ہم کسی بھی اسکول برادری کو ملنے والی دھمکی کی تفتیش کرنے کے لیے نیویارک محکمئہ پولیس (NYPD) کے ساتھ ملکر کام کرتے ہیں۔ اگر کسی مخصوص دھمکی میں آپکے اسکول کا نام لیا گیا ہے، براہِ مہربانی فوراً 911 اور 1-888-NYC-SAFE کو فون کریں۔ اسکول کو حسبِ ضرورت اضافی مدد فراہم کی جائے گی۔

تحفظ اور حفاظت ایک اجتمائی ذمہ داری ہے، اور ہم آپکی اپنے بچے کے ساتھ سوشل میڈیا کے ذمہ دارانہ استعمال اور دھمکیاں دینے کے انجام کے بارے میں بات کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اسکول اور خاندان ڈجیٹل سٹیزن شپ کے بارے میں معلومات محکمئہ تعلیم کے ویب پیج پر تلاش کرسکتے ہیں: https://www.schools.nyc.gov/school-life/school-environment/digital-citizenship کوئی بھی سوشل میڈیا تشہیر یا چیلنجز جس میں اسکول برادری کے خلاف دھمکیاں یا تشدد کے اعمال شامل ہونگے برداشت نہیں کی جائیں گی۔ تشدد کی دھمکیوں کے حقیقی نتائج ہوتے ہیں دھمکی دیے جانے کی وجہ سے قطع نظر، اور ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے نوجوان افراد ایسے چیلنجز کی وجہ سے اپنے روشن مستقبل کو خطرے میں ڈالیں۔

اگر آپ یا آپکا بچہ سوشل میڈیا پر کسی مشتبہ سرگرمی کا مشاہدہ کریں، براہِ مہربانی 911 کو کال کریں یا اسکول میں کسی قابلِ بھروسہ بالغ فرد کو بتائیں۔ ہم اس واقع کی قریب سے نگرانی کرنا جاری رکھنے کے لیے عہد بستہ ہیں۔

ہمیشہ کی مانند اس سب کے لیے آپکا شکریہ جو آپ ہماری اسکول برادریوں کو محفوظ رکھنے کے لیے کرتے ہیں، اور براہِ مہربانی اپنے پرنسپل سے رابطہ کرنے میں جھجکیں نہیں۔

شراکت میں،

Meisha Porter
نیویارک شہر اسکولز چانسلر

T&I 33544 CO 2021 December Family Letter Dec 16 (Urdu)